## کالاباغ ڈیم کی تعمیر اور صوبہ سرحد کا نام تبدیل کرنے پر حکومتی اقدامات دانشمندانہ ہیں، الطاف حسین
## متحدہ قومی موومنٹ، ملک کی ترقی وخوشحالی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے حکومت کے ہر مثبت اقدامات کی حمایت کرتی رہے گی

لندن۔۔۔27، مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کالاباغ ڈیم کی تعمیر نہ کرنے اور آئینی پیکیج کے ذریعے صوبہ سرحد کا نام صوبہ پختونخواہ رکھنے کے حکومتی اعلان کا خیرمقدم کیا ہے اور ان اقدامات کو دانشمندانہ فیصلہ قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کالاباغ ڈیم کی تعمیر طویل عرصہ سے ایک متنازعہ مسئلہ بنی ہوئی تھی اور اس مسئلہ کے باعث مختلف صوبوں کے عوام میں اختلافات پائے جارہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے پانی کے ذخیرے کیلئے کالاباغ ڈیم کے بجائے غیر متنازعہ منصوبوں کی تعمیر ایک دانشمندانہ فیصلہ ہے اور اس بات کا ثبوت ہے کہ موجودہ حکومت نان ایشوز پر قومی دولت اور وقت ضائع کرنے کے بجائے عوام کی خواہشات اور امنگوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی کام کرنا چاہتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسی طرح صوبہ سرحد کا نام تبدیل کرکے صوبہ پختونخواہ رکھنا صوبے کے عوام کا دیرینہ مطالبہ تھا۔ ایم کیوایم کی جانب سے صوبہ سرحد کے عوام کے اس مطالبہ کی نہ صرف حمایت کی جاتی رہی ہے بلکہ یہ مطالبہ ایم کیوایم کے منشور کا بھی حصہ ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ موجودہ حکومت کی جانب سے عوام کے اس دیرینہ مطالبہ کے حق میں حکومتی اقدامات اور آئینی پیکیج کے ذریعے صوبہ سرحد کا نام تبدیل کرکے صوبہ پختونخواہ رکھنا صوبہ سرحد کے عوام کے دلوں کی ترجمانی ہے۔ انہوں نے آئینی پیکیج کے ذریعے صوبہ سرحد کا نام تبدیل کرکے صوبہ پختونخواہ رکھنے کے فیصلہ کے حکومتی خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ، ملک کی ترقی وخوشحالی، جمہوریت کے فروغ اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے حکومت کے ہر مثبت اقدامات کی حمایت کرتی رہے گی۔ جناب الطاف حسین نے کالاباغ ڈیم اور صوبہ پختونخواہ کے مسائل کے حل کیلئے دانشمندانہ اقدامات پر پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی کابینہ کو زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## حق پرست عوام سید محمد جاوید کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔27، مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے بزرگ رکن اور آفس سیکریٹری سید کلیم اللہ کے صاحبزادے سید محمد جاوید کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ سید محمد جاوید کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## عبدالحسیب اور شعیب بخاری نے مسلم لیگ (ن) کے مقتول رہنماء طارق خان کے گھر جاکر تعزیت کی
## طارق خان کا قتل کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازشوں کا حصہ ہے، ایم کیوایم
## الطاف حسین ہمارے پڑوسی ہیں اور 1988ء میں انہوں نے مجھے اپنے گھر بھی مدعو کیا تھا، مقتول کے والد

کراچی۔۔۔27، مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے جوائنٹ انچارج وصوبائی وزیر برائے اوقاف عبدالحسیب اور رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر برائے ماحولیات ومتبادل توانائی شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے منگل کے روز مسلم لیگ (ن) کے مقتول رہنماء طارق خان کی رہائش گاہ جاکر ان کے والد سلطان خان جوھری اور بھائی سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے طارق خان کی شہادت پر ان سے دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر سلیم ضیاء اور ایم کیوایم کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج محمد سردار خان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ عبدالحسیب اور شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے طارق خان کے قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ طارق خان کا قتل کھلی دہشت گردی ہے جس کی متحدہ قومی موومنٹ شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور یہ سمجھتی ہے کہ کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازشوں کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ کے تمام کارکنان آپ کے

غم میں برابر کے شریک ہیں۔اس موقع پر مقتول کے والد سلطان خان نے تعزیت کے لئے آمد پر ایم کیوایم کے رہنماؤں کا شکریہ ادا کیا اور گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ہمارے پڑوسی ہیں اور جب 1988ء میں ایم کیوایم کے امیدوار نے ریکارڈ ووٹ حاصل کئے تھے تو الطاف بھائی نے اپنے گھر پر دعوت میں انہیں بھی مدعو کیا تھا۔حق پرست وزراء عبدالحسیب اور شعیب بخاری ایڈووکیٹ کچھ دیر تک سوگوار لواحقین کے ساتھ رہے اور انہوں نے طارق خان کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## متحدہ بلاتفریق رنگ ونسل،مذہب وزبان سے فرق سے بالاتر ہوکر غریب عوام کی بے لوث خدمت کررہی ہے،اسٹیفن آصف
## الطاف حسین نے غریب ومتوسطہ کے عوام کو جینے کا حق دیا،ریورنڈ جاوید انجم کی تقریب حلف برداری سے خطاب
## حق پرست اقلیتی رکن قومی اسمبلی اور بشپ ڈاکٹر بشیر ایل مل کے سربراہی میں وفد کی انور عالم کی عیادت

کراچی۔۔۔27مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ بلاتفریق رنگ ونسل،مذہب وزبان سے فرق سے بالاتر ہوکر غریب عوام کی بے لوث خدمت کررہی ہے،الطاف حسین کا نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی نے 98فیصد غریبوں کو سراٹھا کر جینا سیکھایا۔ان خیالات کا اظہار اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے حق پرست رکن سندھ اسمبلی اسٹیفن آصف نے ریورنڈ جاوید انجم کی حلف برادری کی تقریب سے خطاب کے دروان کیا۔قبل ازیں بشپ بشیر ایل مل نے ریورنڈ جاوید انجم سے چیئرمین مذہبی امور چرچ مشنری ٹرسٹ ایسوسی ایشن سندھ کا حلف لیا۔حلف برداری کی پروقار تقریب سلویشن آرمی چرچ صدر کراچی میں منعقد ہوئی جس میں چرچ مشنری ٹرسٹ ایسوسی ایشن کے صدر انور ایم خان ،نائب صدر مئر آشر،سیکریٹری جنرل سسٹیر روبی صاحبہ کے علاوہ مختلف مذہبی وسماجی تنظیموں کے رہنماؤں اور دیگر نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست رکن سندھ اسمبلی اسٹیفن آصف نے کہا کہ مذہب اور زبان سے بالاتر ہوکر دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کرنا ایم کیوایم کا منشور ہے اور متحدہ قومی موومنٹ بلاتفریق رنگ ونسل غریب عوام کی خدمت پر کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی نے ملک میں بسنے والے تمام مذاہب وعقائد کے 98فیصد غریب عوام کو سراٹھا کر جینا سکھایا اور انہیں میں احساس محرومی کو ختم کیا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے اقلیتی برادری کا ساتھ دیکر انہیں اس مقام پر پہنچایا جہاں وہ سوچ بھی نہیں سکتے تھے۔انہوں نے ریورنڈ جاوید انجم کوسی ایم ٹی اے کے مذہبی امور کمیٹی کے چیئرمین سندھ منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی اور کہا کہ ریورنڈ جاوید انجم قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے غریبوں کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں گے اور مسیحی برادری کی بلاتفریق رنگ ونسل خدمت کریں گے۔ بعدازاں حق پرست رکن قومی اسمبلی منور لعل اور یونائیٹڈ میتھوڈسٹ چرچ آف پاکستان کے بشپ ڈاکٹر بشیر ایل مل کی سربراہی میں چار رکنی نمائندہ وفد نے کراچی کے مقامی اسپتال جا کر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان انچارج انور عالم کی عیادت کی اوران کی خیریت دریافت کی۔ وفد میں نومنتخب چیئرمین چرچ مشنری ٹرسٹ ایسوسی ایشن ریورنڈ جاوید انجم ،پاسٹر سلامت معراج،پاسٹر شفیق،پاسٹر البرڈ سروار شامل تھے۔وفد کے ارکان نے انور عالم کی جلد مکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج منور السلام اور رکن فاروق سلیم بھی موجود تھے۔

## تصادم اور محاذ آرائی کی روایتی سیاست کو غیر باد کہا جائے۔ڈاکٹر ندیم احسان

## کینیڈا میں مقیم پاکستانی اپنے درپیش مسائل کے حل کیلئے ایم کیوایم کے ذمہ داران سے رابطہ کریں۔ایم کیوایم کینیڈا یونٹ آفس کے دورہ کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت

ٹورانٹو۔۔۔27 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان جوان دنوں کینیڈا کے دورے پر ہیں ۔گزشتہ روز کینیڈا کے دارالحکومت ٹورنٹو میں ایم کیوایم کینیڈا کے یونٹ آفس کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ایم کیوایم کینیڈا کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان وکارکنان کے علاوہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد ملاقا ت کی ۔اس موقع پر الیکٹرونک اور پرنٹ میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے ڈاکٹر ندیم احسان نے کہا کہ آج پاکستان کے سیاسی ،معاشی اور جغرافیائی حالات اس بات کا تقاضہ کرتے ہیں کہ ہم تصادم اور محاذ آرائی کی روائتی سیاست کو خیر باد کہتے ہوئے ملک کے 98 فیصد طبقہ سے تعلق رکھنے والے عوام کی حقیقی نمائندگی کرنے والے عام افراد کو اسمبلیوں میں بھیجیں تا کہ وہ عام شہریوں کے حقیقی مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کے مسائل کے حل کیلئے نہ صرف آواز بلند کریں بلکہ وہ ان کیلئے حتی الامکان کوشش بھی کریں تا کہ عوام کو دووقت کی روٹی اور عزت ووقار کے ساتھ جینے کا موقع مل سکے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کے 98 فیصد غریب متوسط طبقہ کی نمائندہ جماعت ہے اور وہ مظلوم ومحکوم عوام کے غصب شدہ حقوق کے حصول کے لئے جدوجہد کو جاری رکھے ہوئے ہے اور یہی وجہ ہے کہ عوام میں نہ صرف قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ تیزی کے ساتھ پھیل رہا ہے بلکہ وہ حق پرستانہ جدوجہد سے متاثر ہوکر وہ ایم کیوایم میں شمولیت بھی اختیار کر رہے ہیں ۔انہوں نے کینیڈا میں مقیم پاکستانیوں کو ان کے درپیش مسائل کے حل کیلئے یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے مسائل کے حل کے لئے منظّم وفعال ہوکر اپنی آواز متعلقہ اداروں اور ذمہ داروں تک پہنچانے کیلئے ایم کیوایم کے ذمہ داران سے رابطہ کریں ۔بعد آزاں ایم کیوایم ایسٹ اور ویسٹ ٹورانٹو یونٹس کے زیر اہتمام ڈاکٹر ندیم احسان کے اعزاز میں عشائیے کا اہتمام کیا گیا جس میں ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔

☆☆☆☆☆